بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ۔

نمبر پی اے بی (لیجس) 2018/II ء مورخہ 3 جنوری 2019ء

منجانب:۔ سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

بجانب:۔ جناب جنرل منیجر،
سوئی سدرن گیس کمپنی سمنگلی روڈ کوئٹہ۔

عنوان:۔ **مشترکہ قرارداد نمبر8۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 31 دسمبر 2018 میں پاس شدہ مشترکہ قرارداد نمبر 8 منجانب ملک نعیم خان بازئی صوبائی مشیر برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور محترمہ شاہینہ کاکڑ صاحبہ رکن اسمبلی۔

ہر گاہ کہ علاقہ اغبرگ ضلع کوئٹہ کا نواحی علاقہ ہے اور کوئٹہ شہر سے صرف 25 کلومیٹر کی مسافت پر واقع ہے لیکن اغبرگ اس وقت بھی گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہے۔ چونکہ گیس کوئٹہ کے علاوہ پشین، زیارت، قلعہ عبداللہ، مستونگ وغیرہ کو فراہمی کی گئی ہے لیکن اغبرگ جو ضلع کوئٹہ میں ہوتے ہوئے گیس کی سہولت سے تاحال محروم رکھا گیا ہے خاص کر سردی کے موسم میں علاقے کے مکین سخت مشکلات سے دوچار ہیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ کوئٹہ کے علاقے اغبرگ کو فوری طور پر گیس کی سہولت مہیا کرنے کے لیئے عملی اقدامات اُٹھائے، تاکہ علاقے کے عوام میں پائی جانی والی بے چینی اور احساس محرومی کے خاتمے کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

(شمس الدین)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع وضروی کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

1۔ محرکین قرارداد۔
2۔ جناب سیکرٹری برائے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، ایوان صدر اسلام آباد۔
3۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان اسلام آباد۔
4۔ جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ آف پاکستان پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
5۔ جناب سیکرٹری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
6۔ جناب وفاقی وزیر گیس و پیٹرولیم حکومت پاکستان اسلام آباد۔
7۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے گورنر بلوچستان کوئٹہ۔
8۔ جناب پرنسپل سیکرٹری، برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان کوئٹہ۔
9۔ جناب ایڈیشنل سیکرٹری اسٹاف ٹو چیف سیکرٹری، حکومت بلوچستان کوئٹہ
10۔ جناب سسٹم انالسٹ بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

(سید داد محمد آغا)
ڈپٹی سیکرٹری (قانون سازی)